احکامِ ستر و حجاب | مصنف : عبدالرحمٰن کیلانی ۔ ضخامت : مروجہ سائز کے ۸۰ صفحات قیمت : -/۹ روپے

ناشر : مکتبۃ السلام ، گلی نمبر ۲۰ وسن پورہ ۔ لاہور ۔

تبرّج اور فحاشی کو انسانی معاشرے کی مہلک بیماریوں میں سرِفہرست شمار کیا جاسکتا ہے ۔ یہ بیماری مغرب میں خوب پھیلی پھولی اور بدقسمتی سے بہت سی ترقی پذیر نو آزاد قوموں اور ملکوں نے یہ بیماری مغرب سے ورثہ میں پائی ہے ۔

زیرِ تبصرہ کتابچہ میں اس موضوع پر مختلف مواقف ، ہر ایک کے دلائل اور جوابِ دلائل پر بہت کچھ بلکہ قریبًا تمام مواد جمع کر دیا گیا ہے جس کا مطالعہ بہر حال فائدہ سے خالی نہیں ۔ کتاب میں ستر و حجاب کے فرق کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے اور اس بات کو بھی کہ احکامِ حجاب پر احوال و ظروف کیونکر اثر انداز ہوتے ہیں ۔ مؤلف ابتداء میں متشددانہ نقطۂ نظر کی حمایت کرتے نظر آتے ہیں ۔ خاص طور پر انہوں نے شام کے مشہور سلفی عالم ناصرالدین البانی پر بھی ان کے لچک دار رویہ کی وجہ سے تنقید کی ہے تاہم آخری حصے میں استثنائی احکام کی بحث کے بعد " اعتدال کی راہ " کے زیرِ عنوان احکام و قانون کی جکڑ بندیوں کے بجائے " مقصدِ حجاب " کو ہی رہنما اصول قرار دیا ہے ۔ کتابچہ کے آخر میں مخالفین کے اعتراضات بلکہ مخالفوں پر بھی مختصر مگر جامع تبصرہ موجود ہے ۔ اس مختصر رسالہ کا مطالعہ بہت مفید ہوگا ۔

سندھ کے حالات کی سچی تصویر | از جناب محمد موسیٰ بھٹو ، سندھ نیشنل اکیڈمی ، پوسٹ بکس نمبر ۲۵۸ حیدرآباد ۔ قیمت : -/۱۵ روپے

زندہ اور ذی شعور اقوام اپنے ہر علاقے اور آبادی کے ہر حصے کے متعلق دس بیس سال پہلے سے اندازہ کر لیتی ہیں کہ وہاں کیا ہونا ممکن ہے اور پیش بندی اور تدارک کی صورتیں کیا ہیں ۔ اگر نگاہیں اتنی رسا نہ ہوں تو پھر جہاں کہیں سے کوئی طوفان اٹھنے والا ہو اس کے ابتدائی جھونکوں اور لہروں پر پوری توجہ دی جاتی ہے اور بالکل ابتدائی مرحلے پر خرابی کے ہر جزو کا کوئی حل نکال لیا